8
الله رسول محمد
سلسلة خدمة الحديث النبوی

مَن يُطِعِ الرَّسُولَ فَقَدْ أَطَاعَ اللّٰهَ ﴿النساء ۸۰﴾

مُسند اسحٰق بن راھُویہ

تالیف

امام الائمۃ ابو یعقوب اسحٰق بن ابراہیم بن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۲۳۸ھ

ترجمہ

ابوانس محمد سرور گوہر

تخریج وفوائد

حافظ عبدالشکور ترمذی حافظ محمد فہد

نظر ثانی

پروفیسر عدیل الرحمٰن

تقدیم

شیخ الحدیث عبداللہ ناصر رحمانی حفظہ اللہ



انصار السنہ پبلیکیشنز۔ لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَنْ يُطِعِ الرَّسُولَ فَقَدْ أَطَاعَ اللهَ النساء ۸۰

9
سلسلة خدمة الحديث النبوي

مُسند اسحٰق بن راہویہ رحمہ اللہ

تالیف

امام الائمۃ ابو یعقوب اسحٰق بن ابراہیم بن راہویہ رحمہ اللہ متوفی ۲۳۸ھ

ترجمہ

ابو انس محمد سرور گوہر

تخریج و فوائد

حافظ عبدالشکور ترمذی حافظ محمد فہد

نظرِ ثانی

پروفیسر عدیل الرحمٰن

تقدیم

شیخ الحدیث عبداللہ ناصر رحمانی حفظہ اللہ



انصار السنہ
پبلیکیشنز لاہور

اسلامی اکادمی ۱۷-الفضل مارکیٹ اردو بازار لاہور
042-37357587

مسند اسحٰق بن راہویہ

تالیف امام الائمۃ ابو یعقوب اسحٰق بن ابراہیم بن راہویہ متوفی ۲۳۸ھ

ترجمہ ابوانس محمد سرور گوہر نظر ثانی پروفیسر عدیل الرحمن

تخریج و فوائد حافظ عبدالشکور ترمذی حافظ محمد فہد

تقدیم شیخ الحدیث عبداللہ ناصر رحمانی حفظہ اللہ

اہتمام: محمد رمضان محمدی محمد سلیم جلالی
ناشر: ابو مومن منصور احمد

اسلامی اکادمی ۱۷-الفضل مارکیٹ اردو بازار لاہور 042-37357587

Dar-us-Salam
486 ATLANTIC AVE, BROOKLYN, NY 11217
TEL(718) 625-5925 FAX:(718) 625-1511
E-Mail: darussalamny@hotmail.com
Web Site: www.darussalamny.com

جائے گا تو میں کہوں گا کہ اے میرے رب! یہ میرے ساتھی ہیں، لیکن مجھ سے کہا جائے گا کہ آپ نہیں جانتے کہ انہوں نے آپ کے بعد دین میں کیا کیا نئی چیزیں ایجاد کر لی تھیں۔'' (بخاری، کتاب الرقاق، رقم : ٦٥٧٦)

(۲) برے بادشاہ:...... ''جامع ترمذی'' میں ہے، سیدنا کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''میں تجھے اپنے بعد آنے والے برے بادشاہوں سے اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں جو شخص ان کے دروازوں پر جا کر ان کے جھوٹ کی تصدیق کرے اور ان کے ظلم پر ان کی مدد کرے، وہ مجھ سے نہیں اور میں اس سے نہیں اور وہ میرے حوض پر نہیں آ سکے گا۔'' (سنن ترمذی، کتاب الصلاة، باب ما ذکر فی فضل الصلاة، رقم : ٦١٤ قال الالبانی : صحیح)

(۳) بڑی مونچھیں رکھنے والا:...... نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مَنْ طُوْلُ شَارِبُهُ وَعُوْقِبَ بِاَرْبَعَةِ اَشْيَاء، ''جو شخص مونچھیں بڑی رکھتا ہے، اسے چار قسم کا عذاب کیا جائے گا: (۱) منکر نکیر غضب ناک حالت میں آئیں گے۔ (۲) قبر میں ہر قسم کا عذاب دیا جائے گا۔ (۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب نہیں ہوگی۔ (۴) حوض کوثر کا پانی نصیب نہ ہوگا۔ (تاریخ الخمیس فی أحوال أنفس النفیس للحسین الدیار بکری المتوفی ٩٦٦ھ : ٢/٣٥)

[٨٤/٥٥٠]...... أَخْبَرَنَا النَّضْرُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، قَالَ......

سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَنَّ الأَنْصَارَ سَلَكُوا وَادِيًا أَوْ شِعْبًا وَسَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا أَوْ شِعْبًا لَسَلَكْتُ وَادِيَ الأَنْصَارِ، وَلَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَءً ا مِنَ الأَنْصَارِ، ثُمَّ يَقُولُ أَبُو هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: بِأَبِي وَأُمِّي مَا ظَلَمَ، لَقَدْ آوَوْهُ وَنَصَرُوهُ. ①

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اگر انصار ایک وادی میں چلیں اور دوسرے لوگ کسی دوسری وادی میں چلیں تو میں انصار کی وادی میں چلوں گا، اور اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں انصار کا ایک فرد ہوتا۔'' پھر سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، آپ نے کوئی ظلم نہیں کیا، انہوں (انصار) نے آپ کو پناہ دی اور آپ کی مدد کی۔

[٨٥/٥٥١]...... أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدٍ......

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِثْلَهُ سَوَاءً. ②

ایک اور سند سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی مثل مروی ہے۔

---

① بخاری، کتاب مناقب الانصار، باب قول النبی ﷺ لولا الهجرة لکنت امرأ من الانصار، رقم: ٣٧٧٩۔ مسند احمد: ٢/ ٤٥٧.

② انظر الحدیث السابق برقم: (٨٤/ ٥٥١).